ملٹی ایج کلاسیں:
والدین اور نگرانوں کے لیے معلوماتی پرچہ

ملٹی ایج یعنی مختلف عمروں کے بچوں کی کلاسوں سے کیا مراد ہے؟

ملٹی ایج کلاسوں میں ایک سے زیادہ ایئر لیولز یعنی تعلیمی درجوں کے طالبعلم شامل ہوتے ہیں۔ ان کلاسوں میں ایک ہی نصابی سٹیج پر موجود طالبعلم بھی ہو سکتے ہیں اور نصاب کے مختلف سٹیجز کے مطابق پڑھنے والے طالبعلم بھی ہو سکتے ہیں۔

NSW کا نصاب مندرجہ ذیل درجوں میں منتظم کیا گیا ہے:

ابتدائی سٹیج 1: کنڈرگارٹن

سٹیج 1: ایئر 1 اور ایئر 2

سٹیج 2: ایئر 3 اور ایئر 4

سٹیج 3: ایئر 5 اور ایئر 6

طالبعلم اپنے متعلقہ نصابی سٹیج کے مطابق پڑھتے ہیں چاہے وہ ملٹی ایج کلاس میں ہوں یا ایک ہی ایئر کی کلاس میں۔ مثال کے طور پر ایئر 1/2 کلاس میں ایئر 2 کا طالبعلم ایئر 2 (سٹیج 1) کے نصاب کے متعلق پڑھتا ہے، اور اسی طرح ایئر 4/5/6 کلاس میں ایئر 4 کا طالبعلم ایئر 4 (سٹیج 2) کے نصاب کے مطابق پڑھتا ہے۔

میرے بچے کے سکول میں ملٹی ایج کلاسیں کیوں ہوں گی؟

آسٹریلین سکولوں میں ملٹی ایج کلاسیں ہونا عام ہے اور یہ ان وجوہ سے بنائی جا سکتی ہیں:

- **داخلوں کے رجحانات** – ہر سال مختلف درجوں میں داخلہ لینے والوں کی تعداد میں اونچ نیچ ہوتی رہی ہے۔ ملٹی ایج کلاسوں سے سکولوں کو کلاسوں کا سائز متوازن رکھنے میں مدد ملتی ہے۔
- **تعلیمی فوائد** – سکول کلاسوں کا یہ نظام ان کے تعلیمی اور سماجی فوائد کی وجہ سے استعمال کر سکتے ہیں۔
- **چھوٹے سکول** – چھوٹے سکولوں اور دیہی سکولوں میں ملٹی ایج کلاسیں عام ہیں جہاں اس نظام سے کلاسوں کو بھرنے میں مدد ملتی ہے۔

CC BY

طالبعلموں کو کس طرح ملٹی ایج کلاسوں میں ڈالا جاتا ہے؟

پرنسپل اور اساتذہ مندرجہ ذیل باتوں پر غور کر کے طالبعلموں کی کلاسیں طے کرتے ہیں:

- طالبعلم کی تعلیم اور سیکھنے میں دلچسپی
- پورے سکول میں تمام متنوّع طالبعلم
- صلاحیتوں، دلچسپیوں اور تعلیمی ضروریات کا توازن
- سماجی فلاح اور دوستیاں
- نصاب کی مؤثر تدریس
- کلاسوں میں ایڈجسٹمنٹس اور مختلف قسموں کی مدد کی فراہمی۔

طالبعلموں کو سیکھنے میں مدد دینے کے حوالے سے انکے بہترین مفاد کی خاطر مختلف کلاسوں میں ڈالا جاتا ہے۔ ملٹی ایج کلاس میں ڈالے جانے کا مطلب یہ **نہیں** ہے کہ طالبعلم نصابی سٹیج کی توقعات کے حوالے سے آگے ہے یا پیچھے ہے۔

ملٹی ایج کلاسوں میں پڑھائی کیسے ہوتی ہے؟

اساتذہ NSW کا نصاب استعمال کرتے ہوئے پڑھانے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور اپنی تدریس کو طالبعلموں کی ضروریات کے مطابق ایڈجسٹ کرتے ہیں۔ اسے **فرق رکھنا** (**differentiation**) کہا جاتا ہے اور یہ طریقہ تمام کلاس رومز میں استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ طالبعلم مختلف رفتار سے سیکھتے ہیں۔

ایک ملٹی ایج کلاس میں اساتذہ طالبعلموں کی تعلیمی ترقی کے لیے کئی مختلف طریقوں سے مدد دیتے ہیں۔ اس میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- کچھ سرگرمیوں کے لیے پوری کلاس کو اکٹھے پڑھانا
- خاص تعلیمی سرگرمیوں کے لیے چھوٹے گروپوں میں کام کرنا
- فرق رکھتے ہوئے تعلیم دے کر چیلنج یا مدد فراہم کرنا
- سرگرمیوں، وسائل یا طالبعلموں کے اپنی تحصیل علم کا ثبوت دینے کے طریقوں کو ایڈجسٹ کرنا۔

آپکے سوالات کے جواب

کیا میرے بچے کو استاد کی کم توجہ ملے گی؟

یہ کلاس کے سٹرکچر سے طے نہیں ہوتا کہ ایک طالبعلم کو کتنی توجہ ملتی ہے۔اساتذہ یہ جانتے ہوئے اسباق کی منصوبہ بندی کرتے ہیں کہ طالبعلم سیکھنے کے مختلف مدارج پر ہیں، اور ایک واحد ایئر لیول والی کلاس میں بھی یونہی ہوتا ہے۔

کیا میرے بچے کو وہ کام دہرانا پڑے گا جو وہ پہلے ہی کر چکا ہے؟

اساتذہ طالبعلموں کی پیش رفت نوٹ کرتے ہیں اور اس کے مطابق پڑھانے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ طالبعلم اپنے متعلقہ نصاب کے مطابق پڑھنا جاری رکھیں گے اور انہیں نئی چیزیں سیکھنے کی طرف بڑھنے میں مدد ملے گی۔

کیا میرا بچہ اپنے دوستوں سے مل پائے گا؟

سکول کلاسیں ترتیب دیتے ہوئے دوستی کو مدنظر رکھتے ہیں۔ طالبعلم وقفوں اور پورے سکول کی سرگرمیوں کے دوران بھی اپنے دوستوں کے ساتھ رہ سکتے ہیں۔

کیا ملٹی ایج کلاسوں سے میرے بچے کی تدریس کے طریقے پر اثر پڑے گا؟

اساتذہ واضح اور عملی تدریس کا طریقہ استعمال کرتے ہیں اور طالبعلموں کے سیکھنے، اسیسمنٹ (جائزے)، صلاحیتوں اور ضروریات کی بنیاد پر پڑھانے کے لیے موزوں ردوبدل کرتے ہیں۔ ہر قسم کی کلاس میں یونہی ہوتا ہے۔

کیا میرے بچے کو نصاب سے بڑھ کر تعلیم کے مواقع یا موزوں چیلنج ملیں گے؟

NSW کے تمام پبلک سکول زیادہ باصلاحیت یا لائق طالبعلموں کو ڈیپارٹمنٹ کی 'زیادہ باصلاحیت اور لائق طالبعلموں کے لیے تعلیمی پالیسی' کے تحت مدد دیتے ہیں۔ اساتذہ طالبعلموں کی صلاحیتوں کو دریافت کرتے ہیں اور صلاحیتوں کے لحاظ سے انہیں موزوں انداز میں نصاب سے بڑھ کر تعلیم (enrichment) یا نصاب کے اندر رہتے ہوئے پیچیدہ کام (extension) دینے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ ملٹی ایج کلاس میں جانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ یہ مواقع محدود ہو جاتے ہیں۔

معذور طالبعلموں کو ملٹی ایج کلاس میں کیسے مدد ملتی ہے؟

معذور طالبعلموں کو تمام کلاسوں میں، جن میں ملٹی ایج کلاسیں بھی شامل ہیں، پوری طرح سیکھنے میں شریک ہونے کے لیے مدد دی جاتی ہے چاہے وہ عام کلاس میں ہوں یا سپّورٹ کلاس میں۔ اساتذہ طالبعلموں کی صلاحیتوں، ضروریات اور اہداف سے واقف ہوتے ہیں اور فرق رکھتے ہوئے تدریس، معقول ایڈجسٹمنٹس، اور جہاں ضرورت ہو، طالبعلموں کو کامیاب رہنے میں مدد دینے کی خاطر طالبعلم کا اپنا خاص تعلیمی و امدادی پلان استعمال کرتے ہیں۔ یہ فیصلے طالبعلموں کے ساتھ مل کر کیے جاتے ہیں، اور جہاں مناسب ہو، ان فیصلوں میں والدین، نگرانوں اور سکول کے متعلقہ عملے کو بھی شامل کیا جاتا ہے۔ ملٹی ایج کلاس میں جانے سے کسی طالبعلم کی مدد کے انفرادی انتظامات بدل نہیں جاتے۔

تحقیق کیا بتاتی ہے؟

معیاری تدریس سکول میں ملنے والا ایک بڑا مؤثر عنصر ہے جو کلاس کے سائز، بناوٹ یا دوسرے وسائل سے بڑھ کر طالبعلموں کے سیکھنے پر اثر انداز ہوتا ہے۔ تحقیق سے اندازہ ہوتا ہے کہ جب تدریس اچھی منصوبہ بندی کے تحت ہو اور طالبعلموں کو مناسب مدد ملتی ہو تو ملٹی ایج کلاسوں کے طالبعلم بھی ایک واحد ایئر لیول کی کلاسوں کے طالبعلموں کے برابر تعلیمی نتائج حاصل کرتے ہیں۔ ملٹی ایج کلاسوں سے طالبعلموں کو مختلف عمریں اور صلاحیتیں رکھنے والے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر کام کرنے، ہمدردی اور مثبت تعلقات بڑھانے میں بھی مدد مل سکتی ہے۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہوں تو براہ مہربانی سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جسے آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر بات چیت میں آپکی مدد کے لیے لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔